مسلم کا خیال ہے،

"قرآن مذہبی قواعد و احکام ہی کا مجموعہ نہیں بلکہ وہ ایک عظیم الشان ملکی اور تمدنی نظام پیش کرتا ہے"

مرتب کتاب کی سعی قابل قدر ہے تاہم مزید تلاش و جستجو سے غیر مسلموں کے لکھے ہوئے مضامین شامل کیے جا سکتے تھے۔ ہندوؤں میں گاندھی جی، سروجنی نائیڈو اور سادھوئی کے علاوہ سوامی لکشمن، لالہ ... سین (سابق چیف جسٹس جموں و کشمیر) لالہ کرم چند ایڈووکیٹ اور ایسے ہی کئی دوسرے افراد کے مقالات جمع کیے جا سکتے تھے۔ اول الذکر سوامی لکشمن نے تو نبی اکرمؐ کی سوانح "عرب کا چاند" لکھی ہے۔

کتاب کی ترتیب میں چند واضح خامیاں موجود ہیں۔ مثال کے طور پر جس حصۂ کتاب میں نبی اکرمؐ کے بارے میں غیر مسلموں کی آراء و خیالات پیش کیے گئے ہیں۔ اسی میں امام غزالیؒ، مجدد الف ثانیؒ، امام ابن تیمیہؒ، شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور شاہ اسماعیل شہیدؒ کی تحریریں پیش کر دی گئی ہیں جو واضح طور پر غیر مسلموں کے حلقے سے نہیں ہیں۔ اسی طرح بعض ابواب سرے سے موضوع سے غیر متعلق ہیں۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں یہ خامیاں دور کر دی جائیں گی۔

نام کتاب ---------- مقالات

ترتیب ---------- رشید احمد

طباعت ---------- عمدہ ٹائپ

صفحات ---------- ۱۰۸

قیمت ---------- ۱۰ روپے

ناشر ---------- مکتبہ علیہ ۱۵ ایبک روڈ لاہور

امسال نزول قرآن کریم کی تقریب سعید پر عجائب گھر لاہور میں مصحف مکرم کے قلمی اور نادر نسخوں کی ۲۶ رمضان تا ۱۵ شوال نمائش رہی۔ اس نمائش کے موقع پر عجائب گھر کے ڈائریکٹر سید محمد تقی کاظمی صاحب نے ملک کے چیدہ چیدہ اہل قلم سے قرآن سے متعلق مقالات لکھنے کی فرمائش کی۔ چنانچہ قرآن کی تدوین، کتابت اور تفہیم جیسے موضوع پر سید حسین مرتضٰی، سید مرتضٰی حسین فاضل، ڈاکٹر محمد عبد اللہ چغتائی، حافظ احمد یار، ڈاکٹر عابد احمد عابد اور چند دوسرے حضرات نے مقالات لکھے۔ کل دس مقالات اس مجموعے میں شامل ہیں۔ الحاج رشید احمد صاحب نے مقالات کی ترتیب میں حسن ذوق کا اچھا ثبوت دیا ہے۔ مقالات مختصر اور جامع ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ